لیتھیم آیون بیٹریاں اور مائیکرو موبلیٹی ڈیوائسز: ریٹیلرز اور گاہکوں کے لیے حفاظتی تجاویز

لیتھیم آیون بیٹریاں متعدد ڈیوائسز میں استعمال کی جاتی ہیں، جو عام طور پر سیل فونز، لیپ ٹاپس، ٹیبلٹس، پاور ٹولز، الیکٹرک گاڑیوں اور **مائیکرو موبلیٹی ڈیوائسز، بشمول ای بائیکس اوراسکوٹرس کو توانائی فراہم کرتی ہیں۔** لیتھیم آیون بیٹریاں بڑی مقدار میں توانائی اسٹور کرتی ہیں۔ اگر صحیح سے ہینڈل نہ کیا جائے تو وہ سنگین حفاظتی خطرے کا سبب بن سکتی ہیں۔

✔ کریں

- جہاں بھی ممکن ہو اپنی بیٹری کو بیرون میں چارج یا اسٹور **کریں**۔
- چارجنگ اور اسٹوریج کے لیے ڈیوائس مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل **کریں**۔ ہمیشہ خاص طور پر ڈیوائس کے لیے بنائی گئی مینوفیکچر کی کورڈ اور پاور ایڈاپٹر کا استعمال کریں۔
- جب آپ کو نئی بیٹری خریدنے کی ضرورت ہو تو صرف اپنی ڈائس کے ساتھ مطابقت پذیر مینوفیکچرر کی بیٹری **ہی** خریدیں۔
- اپنے ڈیوائس چارجر کا پلگ براہ راست دیوار کے آؤٹ لیٹ میں **ہی** لگائیں۔
- بیٹریاں کسی بھی ایسی چیز سے دور **ہی** اسٹور اور چارج کریں جس میں آگ پکڑ سکتی ہے۔
- کسی بو، شکل یا رنگ میں تبدیلی، رساؤ، یا بے ڈھب شور کے مدنظر اپنی بیٹری پر **ضرور** نگاہ رکھیں۔
  - اگر آپ کو اس میں سے کوئی حالت نظر آتی ہے تو، استعمال فوراً روک دیں۔
  - اگر ایسا کرنا محفوظ ہو تو ڈیوائس کو کسی بھی ایسی چیز سے دور ہٹا دیں جس میں آگ پکڑ سکتی ہے۔
  - 911 پر کال کریں۔
- بیٹریوں کو **nyc.gov/dropspecialwaste** پر اسپیشل ویسٹ ڈراپ آف سائٹ (Special Waste Drop-Off Site) پر لے جا کر انہیں ری سائیکل **کریں**۔ محفوظ ضیاع سے متعلق ہدایات اور اپنے قریب میں ضیاع کے مزید اختیارات کے لیے **nyc.gov/batteries** ملاحظہ کریں۔

✘ نہ کریں

- **ڈیوائسز یا بیٹریاں نہ** خریدیں یا بیچیں الّا یہ کہ وہ Underwriters Laboratories (UL) کے حفاظتی معیارات سے تصدیق شدہ ہوں۔ اس الحاق یافتہ ٹیسٹنگ لیبارٹری کا لوگو، نشان، یا نام تلاش کریں جس نے مطلوبہ حفاظتی تصدیق جاری کی۔ الحاق یافتہ ٹیسٹنگ لیبارٹری کی فہرست کے لیے **nyc.gov/dcwp** ملاحظہ کریں۔
- **جو بیٹری آپ** کی ڈیوائس کے ساتھ مطابقت پذیر ہے اس کے سوا متبادل بیٹری کے اختیارات تلاش نہ کریں۔
- **اپنی ڈیوائس کو** نکاسی راستوں یا باہر جانے کے راستوں کے قریب چارج نہ کریں، جس میں آپ کے اپارٹمنٹ کا دروازہ، بیڈ روم کے دروازے اور کھڑکیاں، خاص طور پر آتش زدگی سے فرار والی کھڑکی شامل ہے۔
- **اپنی ڈیوائس کو اپنے کمرے میں چارج نہ** کریں۔
- **اپنی ڈیوائس فرش کے سوا کسی سطح پر چارج نہ** کریں۔
- **اپنی ڈیوائس براہ راست دھوپ میں نہ** رکھیں یا چارج نہ کریں۔
- **کوئی توسیعی کورڈ** استعمال کر کے اپنی ڈیوائس کو چارج نہ کریں۔
- **اپنی بیٹری کو انتہائی** گرم یا سرد درجہ حرارت میں چارج یا اسٹور نہ کریں۔

نیو یارک سٹی میں لیتھیم آیون بیٹری کے معیارات اور ضوابط سے متعلق مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/fdny/batteries** ملاحظہ کریں۔

FDNY | NYC Consumer and Worker Protection